
# جموں وکشمیر کا مرکز پر مالی انحصار بڑھ گیا: عمر عبداللہ

سری نگر:(یو این آئی) جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بدھ کے روز کہا کہ مرکز کے زیر انتظام خطہ بننے کے بعد جموں وکشمیر کا مالی انحصار مرکز پر کم ہونے کے بجائے مزید بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خطہ اس وقت مالی طور پر خود کفیل نہیں ہے اور زیادہ تر مالی وسائل کے لیے مرکزی حکومت پر انحصار کرنا پڑ رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ، جو محکمہ خزانہ کا قلمدان بھی سنبھالے ہوئے ہیں، مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کے اس بیان پر ردعمل ظاہر کر رہے تھے جس میں انہوں نے قرض اور جی ڈی پی کے تناسب کو کم کرنے کے لیے ریاستوں کو مالیاتی نظم و ضبط یقینی بنانے پر زور دیا تھا۔ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا، 'جموں وکشمیر مالی طور پر خود کفیل نہیں ہے۔ ہم بڑے پیمانے پر مرکز پر انحصار کرتے ہیں اور یہ انحصار مرکز کے زیر انتظام خطہ بننے کے بعد کم ہونے کے بجائے بڑھ گیا ہے۔' انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ جب جموں وکشمیر ایک ریاست تھی تو اسے مرکزی ٹیکسوں میں ریاستی حصہ ملتا تھا، جو اب دستیاب نہیں ہے۔ اب ہمیں بجٹ کا بڑا بوجھ براہ راست مرکز پر منتقل کرنا پڑتا ہے، کیونکہ وہ ریاستی حصہ ہمیں حاصل نہیں رہا۔ تاہم وزیر اعلیٰ نے دعویٰ کیا کہ اس کے باوجود ان کی حکومت نے مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ ہم نے اپنی پوری کوشش کی ہے کہ مالیاتی نظم وضبط میں کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے۔ ایڈونچر ٹورازم کے فروغ سے متعلق ایک سوال کے جواب میں عمر عبداللہ نے کہا کہ ان کی حکومت اس شعبے کو فروغ دینے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے، تاہم عوام کی سلامتی اور تحفظ کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'ہم اپنی پوری کوشش کر رہے ہیں، لیکن اس کے ساتھ یہ بھی یقینی بنایا جا رہا ہے کہ لوگوں کی جان و مال محفوظ رہے۔ حال ہی میں ہم نے دیکھا کہ اتراکھنڈ میں کہیں ایک شخص بغیر رسی باندھے بنجی جمپنگ کے لیے چلا گیا۔ ہم نہیں چاہتے کہ یہاں ایسا کوئی واقعہ پیش آئے۔' کشمیر کے پوشیدہ سیاحتی مقامات کو فروغ دینے سے متعلق بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سب سے پہلے معروف سیاحتی مقامات کو مکمل طور پر کھولنے کی ضرورت ہے، کیونکہ کئی اہم مقامات اب بھی سیاحوں کے لیے بند ہیں۔ انہوں نے کہا 'ہم سیاحت کو فروغ دے رہے ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ کئی مقامات اب بھی بند ہیں۔ مثال کے طور پر گلمرگ میں گونڈولا کے دونوں اطراف زیادہ دور جانا ممکن نہیں، درنگ نہیں جا سکتے، دودھ پتھری سیاحتی مقام بھی بند ہے۔ پہلے ان تمام مقامات کو کھولا جانا چاہیے۔' کشمیر میں بجلی بحران سے متعلق عمر عبداللہ نے کہا کہ دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں نمایاں کمی کے باعث یونین ٹیریٹری میں بجلی کی پیداوار میں خاصی گراوٹ آئی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ سرد موسم میں بجلی کا محتاط استعمال کریں۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ ہم جانتے ہیں کہ یہاں شدید سردی ہے اور لوگوں کو خود کو گرم رکھنے کی ضرورت ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ بجلی کا دانشمندانہ استعمال بھی ضروری ہے۔




## لاپتہ ہندوستانی ماہی گیروں کی لاشیں برآمد

کولکاتا:(یو این آئی) خلیج بنگال کے وسط میں پیر کے روز ایک بنگلہ دیشی جہاز سے مبینہ طور پر ٹکرانے کے بعد کشتی پلٹنے کے نتیجے میں لاپتہ ہوئے دو ہندوستانی ماہی گیروں کی لاشیں بدھ کو برآمد کر لی گئیں، جبکہ تین دیگر کی تلاش جاری ہے۔ یہ اطلاع جنوبی 24 پرگنہ کے سرکاری ذرائع نے دی۔ لاشیں ماہی گیری کے ٹرالر کے اندر سے ملی ہیں۔ تلاشی ٹیم نے منگل کی شام اسے تلاش کر لیا تھا۔ کشتی بدھ کی علی الصبح کاکدویپ ساحل کے قریب موئنہ پاراڈاک پر لائی گئی۔ کشتی سے پانی نکالنے کے بعد انجن روم سے سنجیو داس اور رنجن داس کی لاشیں نکالی گئیں۔ سنجیو کاکدویپ کے مغربی گنگارام پور کے رہنے والے تھے، جبکہ رنجن مشرقی مدنی پور کے پوربکھالی دوراج پور کے باشندے تھے۔ ایف بی پریتا10 نامی ٹرالر 16 ماہی گیروں کے ساتھ اتوار کو کاکدویپ کے قریب خلیج بنگال میں گہرے سمندر میں ماہی گیری کے لیے روانہ ہوا تھا۔

# ایم ایل ایف ایف کو اگلے سال کے آخر تک ملک بھر میں نافذ کیا جائے گا: نتن گڈکری

نئی دہلی:(یو این آئی) روڈ ٹرانسپورٹ اور ہائی ویز کے وزیر نتن گڈکری نے بدھ کو پارلیمنٹ کو مطلع کیا کہ نیا ٹول ادائیگی نظام ملٹی لین فری فلو (ایم ایل ایف ایف) 2026 کے آخر تک ملک بھر میں لاگو کیا جائے گا۔ راجیہ سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے مسٹر گڈکری نے کہا کہ ایک بار نیا نظام لاگو ہونے کے بعد ٹول پلازوں پر عملے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ گاڑیوں کے رجسٹریشن نمبرز کیمروں کے ذریعے کیپچر کیے جائیں گے، معلومات سیٹلائٹ کے ذریعے مرکزی نظام میں منتقل کی جائیں گی، اور رقم متعلقہ بینک اکاؤنٹ سے کاٹی جائے گی۔ اس سے گاڑیاں 80 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کر سکیں گی اور پھر بھی ٹول ادا کر سکیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ایندھن میں 1,500 کروڑ روپے کی بچت ہوگی اور



اس سے نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا (این ایچ اے آئی) کی آمدنی میں کم از کم 6,000 کروڑ روپے کا اضافہ متوقع ہے۔ انہوں نے ایوان کو بتایا کہ کچھ مقامات پر یہ نظام نافذ کیا گیا ہے۔ پہلے 10 کنٹریکٹ پہلے ہی دیے جا چکے ہیں اور 10 مزید پراسیس میں ہیں۔ اسے اگلے سال کے آخر تک ملک بھر میں قومی شاہراہوں پر نافذ کر دیا جائے گا۔ ایک اور ضمنی سوال کے جواب میں مسٹر گڈکری نے کہا کہ یہ افسوسناک ہے کہ منگل کو یمنا ایکسپریس وے پر ہونے والے حادثے میں ایمبولینس ایک گھنٹہ تاخیر سے پہنچی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرکزی حکومت ریاستی حکومتوں کو جدید ترین ایمبولینس فراہم کرنے کے منصوبے پر کام کر رہی ہے۔ ان کے آپریشن کی ذمہ دار ریاستی حکومتوں کی ہوں گی، صرف شرط یہ ہے کہ ایمبولینس حادثے کے 10 منٹ کے اندر جائے وقوعہ پر پہنچ جائیں۔



رشی کیش: خوفناک سڑک حادثے میں چار افراد کی موت، کار کو کاٹ کر نکالی گئیں لاشیں۔

# لارنس بشنوئی کے سابق ساتھی کے قتل معاملے میں پانچ گرفتار

نئی دہلی:(یو این آئی) دہلی پولیس نے بدھ کے روز آرجو-انمول بشنوئی-ہیری باکسر گینگ کے پانچ ارکان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایک افسر نے یہ جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ ان پر اس ماہ کے آغاز میں چنڈی گڑھ میں ایک دوسرے گینگ کے گینگسٹر کے قتل میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔ گینگسٹر لارنس بشنوئی کے سابق قریبی ساتھی اندرپریت سنگھ عرف پیری کو یکم دسمبر کو چنڈی گڑھ کے سیکٹر 26 میں ایک کلب سے باہر نکلنے کے کچھ ہی دیر بعد گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا تھا۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب پیری اپنی ایس یو وی میں بیٹھا تھا، اسی دوران ایک مسلح شخص نے قریب سے اس پر فائرنگ کی اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ فرار ہو گیا۔ پیری کو فوری طور پر اسپتال لے جایا گیا، تاہم راستے میں ہی اس کی موت ہو گئی تھی۔ پولیس کو اس قتل کے پیچھے گینگ وار کا شبہ تھا۔ پیری پہلے بشنوئی گینگ سے وابستہ تھا، تاہم مانا جاتا ہے کہ بعد میں اس نے کینیڈا میں مقیم گینگسٹر گولڈی برار کے ساتھ ہاتھ ملا لیا تھا۔ قتل کے فوراً بعد لارنس بشنوئی گینگ نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ کے ذریعے اس حملے کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ قتل دبئی میں ان کے ایک 'فائنانسر' کے قتل کا انتقام لینے کے لیے کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان قتل کے بعد سے فرار تھے اور پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں درج متعدد مقدمات میں مطلوب تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ گرفتار کیے گئے افراد میں قومی سطح کے کبڈی کھلاڑی سونو نولٹا اور بار و ریسٹورنٹ مالک آشو مہاجن کے قتل کو انجام دینے والے بدمعاش بھی شامل ہیں۔

# رشی کیش میں کار اور ٹرک کے درمیان تصادم، چار افراد کی موت

رشی کیش:(یو این آئی) اتراکھنڈ میں ہری دوار-رشی کیش روڈ پر مانسا دیوی مندر ریلوے کراسنگ کے قریب منگل کی دیر رات ایک کار اور ٹرک کی ٹکر میں چار افراد کی موت ہو گئی۔ اطلاعات کے مطابق ایک تیز رفتار کار ٹرک سے ٹکرا گئی اور اس کے نیچے دب گئی۔ اس حادثے میں چار افراد کی موقع پر ہی موت ہو گئی۔ عینی شاہدین کے مطابق ڈرائیور نے ایک کسی جانور سے بچنے کی کوشش کرتے ہوئے گاڑی پر کنٹرول کھو دیا اور گزرتے ہوئے ٹرک سے ٹکرا گئی۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس نے بتایا کہ گاڑی کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ کار کو ٹرک سے الگ کرنے کے لیے کرین کا استعمال کیا گیا اور لاشوں کو نکالا گیا۔ پولیس کے مطابق کار کے مالک کی شناخت چندریشور مارگ، رشی کیش کے رہنے والے سونو کمار کے طور پر کی گئی ہے۔ ابتدائی تحقیقات میں مرنے والوں میں سے دو کی شناخت چندریشور نگر کے رہنے والے دھیرج جیسوال (30) اور گمانی والا، رشیکیش کے رہنے والے ہریوم (22) کے طور پر ہوئی ہے۔ دیگر دو مقتولین کی شناخت ابھی نہیں ہو سکی ہے۔ پولیس معاملے کی تفتیش کر رہی ہے۔

# جھنجھنو میں ایم ڈی ڈرگ فیکٹری پر بلڈوزر چلا

جھنجھنو:(یو این آئی) پولیس نے بدھ کو راجستھان کے جھنجھنو ضلع کے دھنوری تھانہ علاقے میں چلنے والی ایم ڈی ڈرگ فیکٹری پر بلڈوزر چلا دیا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق دو دن پہلے



مہاراشٹرا پولیس کے انسداد منشیات سیل (اے این سی) کے چھاپے کے دوران اس فیکٹری کو بے نقاب کیا گیا تھا۔ کیمیکل اور مشینری سمیت 10 کلوگرام ایم ڈی ڈرگز قبضے میں لے لی گئی۔ ان کی کل مالیت کا تخمینہ تقریباً 100 کروڑ روپے لگایا گیا تھا۔ صبح کے وقت جھنجھنو پولیس نے پولٹری فارم میں اسٹوریج ہاؤس اور مشینری کے کمروں پر بلڈوزر چلایا۔ ذرائع نے بتایا کہ انیل سہاگ (31) دھنوری تھانہ علاقہ کے نند کا باس گاؤں میں فیکٹری چلاتا تھا۔ اسے مہاراشٹرا پولیس کی اے این سی اور جھنجھنو پولیس کی مشترکہ کارروائی میں گرفتار کیا گیا۔ اس نے اپنے ساتھی سبھاش جاٹ کے ساتھ تقریباً 15 دن پہلے وہاں منشیات تیار کرنا شروع کیں۔ انہوں نے کئی مشینیں نصب کر رکھی تھیں اور خطرناک کیمیکلز کو ذخیرہ کر رکھا تھا۔ ضلع سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) برجیش جیوتی اپادھیائے نے کہا کہ اس طرح کے مقاصد کے لیے کسی کے کمرے کو قرض دینا بھی نارکوٹک ڈرگس اینڈ سائیکوٹراپک سبسٹینس (این ڈی پی ایس) ایکٹ کے تحت جرم ہے۔ انیل اس پولٹری فارم کے دو کمروں میں ایم ڈی کے منشیات کے پورے کاروبار میں ملوث تھا۔ اس کو غیر قانونی سمجھتے ہوئے جھنجھنو پولیس نے بدھ کو کارروائی کی۔ دو کمرے، ایک ٹین شیڈ اور پولٹری فارم کی باؤنڈری وال گرادی گئی۔ پوچھ گچھ کے دوران انیل نے بتایا کہ اسے 13 دسمبر کی شام دیر گئے شریف نامی شخص کا فون آیا۔ اس نے کہا کہ وہ تین چار دن سے وہاں ہیں۔ "اگر آپ سامان پہنچانا چاہتے ہیں تو ایسا کریں، ورنہ پارٹی واپس لوٹ رہی ہے،" انہوں نے کہا کہ اس کے بعد وہ 14 دسمبر کی صبح ایک کلو ایم ڈی منشیات لے کر سیکر پہنچا۔ اسے مہاراشٹر پولیس نے صبح 6:30 بجے سیکر میں کلکٹریٹ کے سامنے ملن ہوٹل سے گرفتار کیا۔

# چھتیس گڑھ اسمبلی میں کانگریس کا مظاہرہ

رائے پور:(یو این آئی) چھتیس گڑھ اسمبلی کے احاطے میں بدھ کے روز کانگریس رکن اسمبلی ڈاکٹر چرنداس مہنت کی قیادت میں 'ستیہ میو جیتے' کا پلے کارڈ لے کر احتجاج کیا گیا، جس میں سابق وزیر اعلیٰ بھوپیش بگھیل سمیت کانگریس کے تمام اراکین اسمبلی موجود تھے۔ مظاہرے کا مقصد ینگ انڈین معاملے میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کی کارروائی پر عدالت کے فیصلے کے بعد مرکز کی حکومت کے کردار پر سوال اٹھانا تھا۔ کانگریس رہنماؤں نے کہا کہ عدالت کے فیصلے سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ مودی حکومت کی کارروائی ناپسندیدہ اور غیر قانونی تھی۔

عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا ہے کہ ینگ انڈین معاملے میں ای ڈی کی کارروائی دائرہ اختیار سے باہر تھی اور بغیر ایف آئی آر کے کوئی کیس بنانا ہی ممکن نہیں تھا۔ کانگریس کا الزام ہے کہ یہ کارروائی سیاسی انتقام کے جذبے سے کی گئی تھی، جس کا مقصد مرکزی اپوزیشن جماعت اور اس کی قیادت کو بدنام کرنا تھا۔ مظاہرے کے دوران کانگریس اراکین اسمبلی نے کہا کہ پچھلے ایک دہائی سے مرکز کی حکومت ایجنسیوں کا غلط استعمال کر کے اپوزیشن کو دبانے کی کوشش کر رہی تھی لیکن اب سچائی ملک کے سامنے آ گئی ہے۔ رہنماؤں نے یہ بھی کہا کہ منی لانڈرنگ کا کوئی کیس نہیں ہے، نہ ہی کسی قسم کی غیر قانونی آمدنی یا جائیداد کی منتقلی کا کوئی ثبوت موجود ہے۔ اس کے باوجود جھوٹے اور بے بنیاد الزامات لگا کر سیاسی فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کی گئی۔

# جھارکھنڈ کے گوئل کیرا حلقہ میں لاش ملنے سے دہشت

رانچی:(یو این آئی) جھارکھنڈ کے مغربی سنگھ بھوم ضلع کے گوئل کیرا تھانہ علاقہ کے تحت گاؤں کوتر وگڑھا کے قریب ایک شخص کی دھڑ سے کٹی ہوئی لاش ملنے سے پورے علاقے میں دہشت کا ماحول ہے۔ واقعہ کی اطلاع پھیلتے ہی آس پاس کے لوگ بڑی تعداد میں موقع واردات پر جمع ہو گئے۔ پولیس ذرائع نے آج بتایا کہ مقتول کی شناخت ہرینا تھ لگن عرف منگرا (عمر تقریباً 56 سال)، ساکن گاؤں ساروڑا، گوئل کیرا کے طور پر کی گئی ہے۔ ابتدائی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ قتل انتہائی سفاکی اور منصوبہ بندی کے ساتھ کیا گیا۔

مقتول کا سر دھڑ سے الگ کر دیا گیا تھا۔ سر کو کسی دوسرے مقام پر پھینک دیا گیا جبکہ دھڑ کو بوری میں بھر کر سنسان علاقے میں پھینکا گیا تھا۔ دیہی باشندوں نے بتایا کہ لاش کی حالت اس قدر خوفناک تھی کہ اسے دیکھ کر لوگ دہل گئے۔ متعدد دیہی باشندوں نے فوری طور پر اس کی اطلاع گوئل کیرا تھانہ کو دی۔

اطلاع ملتے ہی تھانہ انچارج وکرانت سنگھ منڈا کی قیادت میں پولیس ٹیم موقع پر پہنچی اور لاش کو قبضے میں لے کر ضروری قانونی کارروائی شروع کی۔ مقام واردات کی گھیرابندی کر کے فارنزک شواہد بھی اکٹھے کیے گئے۔ تھانہ انچارج وکرانت سنگھ منڈا نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش میں قتل کے پیچھے آپسی تنازع کا شبہ ظاہر ہو رہا ہے۔ پولیس مقتول کے لواحقین اور دیہی باشندوں سے پوچھ گچھ کر رہی ہے تاکہ واقعہ کے پس منظر اور محرکات کا پتا چلایا جا سکے۔ ساتھ ہی مقتول کے حالیہ رابطوں اور سرگرمیوں کی بھی جانچ کی جا رہی ہے۔

پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے تاکہ موت کے درست وقت اور طریقہ کار کی تصدیق ہو سکے۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے ممکنہ ٹھکانوں پر مسلسل چھاپے ماری کی جا رہی ہے۔ پولیس کا دعویٰ ہے کہ جلد ہی اس سفاکانہ قتل کیس کا انکشاف کر لیا جائے گا۔ اس واقعہ کے بعد سے پورے علاقے میں خوف و ہراس کا ماحول ہے۔ دیہی باشندوں نے پولیس انتظامیہ سے ملزمان کی جلد از جلد گرفتاری اور علاقے میں سیکورٹی انتظامات بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔

# تریپورہ: کوریئر بوائے کی خودکشی سے ماحول کشیدہ

## جو بھی قصور ہوگا اسے معاف نہیں کیا جائے گا: وزیر اعلیٰ

اگرتلہ:(یو این آئی) تریپورہ کے شمالی شہر دھرم نگر میں کوریئر کا کام کرنے والے ایک نوجوان کی خودکشی کے بعد دو دن سے شدید کشیدگی کا ماحول ہے۔ الزام ہے کہ ایک نجی اسکول کی خاتون استاد کی قیادت میں نوجوانوں کے ایک گروپ نے سب کے سامنے اس کی تذلیل کی اور شدید تشدد کا نشانہ بنایا، جس کے بعد اس نے اپنی جان دے دی۔ اس واقعے کے خلاف شہری سڑکوں پر نکل آئے اور انہوں نے خودکشی کے لیے اکسانے والے ملزمان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر مانک ساہا نے آج کہا کہ تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں اور اگر کوئی مجرم پایا گیا تو اسے معاف نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ امن و اتحاد قائم رکھیں تاکہ انتظامیہ دھرم نگر کے کامیشور علاقے کے رہائشی اور ایک نجی کمپنی میں سپلائر کے طور پر کام کرنے والے پرسنجیت سرکار (23) کی غیر فطری موت کی درست تحقیقات کر سکے۔ الزام کے مطابق، پرسنجیت کو کچھ لڑکوں اور لڑکیوں کے گروپ کے ساتھ تنازع کے بعد سب کے سامنے پیٹا گیا۔ واقعے کی ایک ویڈیو بعد میں سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، جس کی وجہ سے اسے شدید ذلت کا سامنا کرنا پڑا۔ ذہنی صدمے اور جذباتی پریشانی سے نہ نکل پانے کی وجہ سے، پرسنجیت نے مبینہ طور پر 14 دسمبر کو پھانسی لگا کر خودکشی کر لی۔ اس واقعے کے خلاف احتجاج اور مجرموں کو سخت سزا دلانے کے لیے دھرم نگر کے نوجوانوں نے 15 دسمبر سے انصاف کے مطالبے والے بینر کے ساتھ سڑکوں پر مظاہرہ کیا۔



ویشالی: کشہر پل کے نیچے بورے میں بند لاش ملنے سے علاقے میں سنسنی پھیل گئی۔

# راٹھی کھیڑا ایتھنول پلانٹ پر اعتراضات کے بعد اعلیٰ سطحی جانچ کمیٹی تشکیل دی

ہنومان گڑھ:(یو این آئی) راجستھان حکومت کے ماحولیات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے محکمے نے ہنومان گڑھ ضلع کی ٹبی تحصیل کے راٹھی کھیڑا گاؤں، چک 5-آر کے میں زیرِ تعمیر ایتھنول پلانٹ کے خلاف مقامی کسانوں اور دیہی افراد کی جانب سے کیے گئے اعتراضات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے ایک اعلیٰ سطحی جانچ کمیٹی تشکیل دی ہے۔ سرکاری ذرائع نے بدھ کے روز بتایا کہ اس پلانٹ کو گزشتہ کچھ عرصے سے تنازعات کا سامنا ہے، جہاں زیرِ زمین پانی کی آلودگی، ماحولیاتی نقصان اور پانی کے معیار میں گراوٹ کے خدشات ظاہر کیے جا رہے ہیں۔ اس پلانٹ کے خلاف آج ہنومان گڑھ جنکشن کی دھان منڈی میں مختلف کسان تنظیموں، راٹھی کھیڑا علاقے کے دیہی افراد اور دیگر متعلقہ فریقین کی جانب سے ایک بڑی مہاپنچایت منعقد کی جا رہی ہے۔ مہاپنچایت کے باعث علاقے میں کشیدگی کا ماحول ہے اور انتظامیہ کی جانب سے سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔

ذرائع نے بتایا کہ مہاپنچایت کے انعقاد کو مدنظر رکھتے ہوئے کل تاخیر شب جانچ کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ محکمہ کی جانب سے جاری حکم نامے میں واضح کیا گیا ہے کہ کمیٹی پلانٹ سے ممکنہ زیرِ زمین پانی اور ماحولیاتی آلودگی کی گہرائی سے جانچ کرے گی اور ریاستی حکومت کو اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ کمیٹی کا بنیادی مقصد علاقے میں طویل عرصے سے جاری شکایات کا ازالہ کرنا ہے، جس میں مقامی لوگوں اور کسانوں کے خدشات کو ترجیح دی جائے گی۔ خصوصی طور پر کمیٹی اس بات کا جائزہ لے گی کہ ایتھنول پلانٹ کے آپریشن سے زیرِ زمین پانی کی سطح میں کوئی کمی آئے گی یا نہیں، پانی کے معیار پر کیا اثرات مرتب ہوں گے اور مجموعی طور پر ماحولیات پر کوئی منفی اثر تو نہیں پڑے گا۔ اس کے علاوہ یہ بھی گہرائی سے جانچ کی جائے گی کہ آیا پلانٹ کی جانب سے ماحولیاتی معیارات، آلودگی کنٹرول کے ضابطے اور منظور شدہ شرائط کی پابندی کی جا رہی ہے یا نہیں۔ ذرائع کے مطابق کمیٹی میں تکنیکی اور انتظامی ماہرین شامل ہیں۔ بیکانیر کے ڈویژنل کمشنر وشرام مینا کو کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ محکمۂ جنگلات، ماحولیات و آب و ہوا کی تبدیلی کے خصوصی چیف سکریٹری کو رکن سکریٹری کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ کمیٹی کے دیگر اہم اراکین میں ضلع کلکٹر (ہنومان گڑھ)، آلودگی کنٹرول بورڈ کے سینئر ماحولیاتی انجینئر اور زیرِ زمین پانی کے محکمے کے چیف انجینئر شامل ہیں۔ کمیٹی علاقائی سطح پر موقع پر جا کر معائنہ کرے گی، نمونے اور ڈیٹا جمع کرے گی اور مقامی باشندوں سے براہ راست معلومات حاصل کرے گی۔

# ممتا نے 22 دسمبر کو بوتھ لیول ایجنٹوں کی میٹنگ طلب کی

کولکاتا:(یو این آئی) مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے بھوانی پور اسمبلی حلقہ میں خصوصی جامع نظر ثانی (ایس آئی آر) کے عمل کے دوران 44 ہزار سے زائد ووٹروں کے نام خارج کیے جانے کا انکشاف سامنے آنے کے ایک دن بعد صورت حال کا جائزہ لینے کے لیے 22 دسمبر کو بوتھ لیول ایجنٹوں (بی ایل اے) کی میٹنگ طلب کی ہے۔ محترمہ بنرجی نے اپنے حلقہ انتخاب کی مسودہ ووٹر فہرست میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں کے سامنے آنے پر سخت ناراضگی ظاہر کی۔ منگل کو عجلتا سے اپنے کالی گھاٹ واقع رہائش گاہ واپس آنے کے فوراً بعد انہوں نے پارٹی بی ایل اے اور بھوانی پور کے کونسلروں کے ساتھ ایک ہنگامی میٹنگ کی اور انہیں فوری طور پر ہٹائے گئے ناموں کی دوبارہ جانچ شروع کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ یووا بھارتی اسٹیڈیم میں حالیہ بدامنی کے باوجود ان کی توجہ الیکشن کمیشن کے ایس آئی آر عمل پر مرکوز ہے۔ الیکشن کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق بھوانی پور میں



2,06,295 رجسٹرڈ ووٹر ہیں، لیکن ڈیجیٹائزڈ ڈرافٹ لسٹ میں صرف 1,61,509 نام درج ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ 44,786 ووٹروں، یعنی تقریباً 21.71 فیصد ووٹروں کے نام فہرست سے ہٹا دیے گئے ہیں۔ میٹنگ میں موجود رہنماؤں نے بتایا کہ ہٹائے گئے کئی ووٹروں کو 'مردہ ووٹر' کے طور پر نشان زد کیا گیا تھا، جس پر وزیر اعلیٰ نے سخت ردعمل ظاہر کیا۔ مسودہ فہرست کی اشاعت کے بعد ممتا بنرجی نے اب بھوانی پور سے آگے بھی نظر ثانی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے 22 دسمبر کو نیتاجی انڈور اسٹیڈیم میں بی ایل اے کی ایک میٹنگ بلائی ہے، جس میں بنیادی طور پر کولکاتا اور اس کے آس پاس کے اضلاع ہاوڑہ اور ہوگلی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہوں گے۔ بی ایل اے کے علاوہ بوتھ لیول پر انتخابی انتظام کی ذمہ داری سنبھالنے والے پارٹی کے اہم کارکنوں کو بھی میٹنگ میں شرکت کے لیے کہا گیا ہے۔ اس میٹنگ کا مقصد اس بات کی تصدیق کرنی ہوگی کہ نام کیوں خارج کیے گئے، آیا کسی اہل ووٹر کا نام غلطی سے ہٹایا گیا ہے یا نہیں، اور دعوؤں و اعتراضات کے عمل سے پہلے پارٹی قیادت کا پیغام دینا ہوگا۔

# ایل او سی اور بالائی علاقوں میں فوج کی چوکسی میں اضافہ

سری نگر:(یو این آئی) لائن آف کنٹرول (ایل او سی) اور جموں خطے کے بالائی علاقوں میں دہشت گردوں کی دراندازی کے خدشات کے پیش نظر فوج نے اپنی چوکسی میں نمایاں اضافہ کرتے ہوئے گشت کو مزید سخت کر دیا ہے۔ فوج نے حساس مقامات، بلند پہاڑی سلسلوں، گھنے جنگلات اور روایتی دراندازی کے راستوں پر مسلسل نگرانی شروع کر دی ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو بروقت ناکام بنایا جا سکے۔ ذرائع نے بتایا کہ فوج نے جموں خطے کے ان علاقوں میں اپنی موجودگی مضبوط کر دی ہے جو عموماً شدید برف باری کے بعد ناقابلِ رسائی ہو جاتے ہیں۔ ان میں بلند پہاڑی چوٹیاں، دشوار گزار درے، گھنے جنگلات اور سرحدی راستے شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق یہ اقدامات فوج کے خصوصی سرمائی سیکورٹی منصوبے کا حصہ ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سردیوں کے موسم میں دھند، کہرے اور شہری نقل و حرکت میں کمی دہشت گرد عناصر کے لیے سازگار حالات پیدا کر سکتی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس سیزن میں اب تک خاطر خواہ برف باری نہ ہونے کی وجہ سے دراندازعناصر ان حالات کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کر سکتے ہیں، جس کے پیش نظر فوج نے پیشگی اقدامات کرتے ہوئے نگرانی اور گشت میں اضافہ کیا ہے۔ خاص طور پر راجوری اور پونچھ اضلاع کے بالائی علاقوں میں کئی قدرتی پہاڑی غاریں موجود ہیں، جنہیں ماضی میں سرحد پار سے آنے والے دہشت گرد عارضی پناہ گاہوں کے طور پر استعمال کرتے رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق فوج نے ان علاقوں پر خصوصی توجہ مرکوز کر رکھی ہے اور مشتبہ سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ اسی طرح رام بن، ریاسی، کشتواڑ، ڈوڈہ اور کٹھوعہ کے بالائی علاقے بھی دہشت گرد عناصر کی جانب سے اندرونی علاقوں میں محفوظ ٹھکانے قائم کرنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ ان خدشات کے پیش نظر فوج نے ان تمام اضلاع میں روایتی دراندازی کے راستوں اور اہم گزرگاہوں کی سخت نگرانی شروع کر دی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ فوج کے جوان جدید نگرانی آلات، ڈرونز اور سینسرز کی مدد سے چوبیس گھنٹے گشت انجام دے رہے ہیں۔

